یہ صحیح ہے کہ یہاں آکر بسنے والے مسلمانوں کو مادی خوشحالی، انفرادی اور جمہوری آزادی اور بہتر زندگی حاصل ہے۔ لیکن شمالی امریکہ میں زندگی کا نہج کچھ اس طرح کا ہے کہ روز مرہ کی سیدھی سادی شریفانہ زندگی بھی اپنے معاشی، معاشرتی اور تمدنی انداز میں اسلامی اصولوں سے ٹکراتی ہے۔ مشرقی ممالک کی تہذیبی و تمدنی قدروں کی تربیت یافتہ مسلمان کا ذہنی، نفسیاتی اور جذباتی مزاج جس مرکب سے تعمیر ہوتا ہے اس میں زندگی کے صحیح اطمینان کے لیے مادی خوشحالی کے ساتھ ساتھ روحانی تسکین بھی نہایت ضروری ہے۔ انسان ایک "روحانی حیوان" ہے اور روح کی پیاس بجھائے بغیر زندگی کا صحیح لطف حاصل نہیں ہو سکتا۔ مسلمانوں کے اس ملی مزاج کے پس منظر اور یہاں کی زندگی کے رنگ ڈھنگ کے پیش نظر، وقت نے یہاں پر بسنے والے مسلمانوں کو ایک ایسے دوراہے پر لا کر کھڑا کر دیا ہے جس کے آگے کوئی ایسی واضح "صراط مستقیم" نہیں ہے جو انھیں منزل آخرت پر بخیر و عافیت پہنچا دے۔ کچھ ایسی کیفیت پیدا ہو گئی ہے کہ

ایماں مجھے روکے ہے تو کھینچے ہے مجھے کفر
کعبہ مرے پیچھے ہے کلیسا مرے آگے

اب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ وہ تقاضے اور حالات کیا ہیں جو مسلمانوں کے لیے مرحلۂ دشوار گزار بن گئے ہیں۔ جہاں تک دین اسلام کا ایمانیات اور عبادات والا حصہ ہے وہ ابھی تک محفوظ اور قابل عمل ہے۔ اصل مشکل ان معاملات میں پیش آتی ہے جو عصر حاضر کے نظام زندگی اور اسلامی (قرآنی و فقہی) نظام حیات کے شدید اور بنیادی اختلافات کی بنا پر روز مرہ کی معاشی، تہذیبی و تمدنی اور معاشرتی و اخلاقی زندگی پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ مسلمانوں کے لیے یہ بڑی آزمائش ہے۔ ان کے سامنے شمالی امریکہ کی تہذیبی و تمدنی زندگی کی چکا چوند ہے اور یہ حقیقت کہ یہاں سماجی اور خاندانی روایات کی شکنجہ کسی سے انفرادی آزادی حاصل ہے، معاشرہ ترقی پذیر اور خوشحال ہے، اور یہی نہیں بلکہ یہاں ایسی ذہنی آزادی کی فضا ہے جس میں معاشرہ اپنی قدروں کی شکست و تعمیر اس اجتماعی ضمیر سے کرتا ہے جو ہر لحظہ بدلتے ہوئے انسانی حالات سے پیدا ہوتا ہے خواہ اس کے عوامل معیشتی و معاشرتی ہوں، خواہ تہذیبی و تاریخی یا سائنسی یا شکنالوجیکل دریافت کا نتیجہ۔ ان میں وہ قطعیت اور FINALITY

نہیں ہے جو ہمارے دینی اور اخلاقی اصولوں کا خاصہ ہے۔ اس کے علاوہ انسانی فکر کو جدید علوم اور خود زندگی کے تجربات بتاتے ہیں کہ زندگی کی بے شمار باتیں تبدیلیٔ حالات کی بنا پر ان اخلاقی کسوٹیوں پر پوری نہیں اتر سکتیں جو کہیں صدیوں قبل مقرر ہوئی تھیں۔ [illegible] پہلے رائج تھیں معاشرے کے ایسے اخلاقی [illegible] [illegible]

مختصر یہ کہ ایک طرف تو ہم لوگ عصر حاضر کے تربیت یافتہ ہوتے ہیں اور ہم عصر حاضر ہی کی علمی اور فکری قدروں کے علمبردار ہیں اور دوسری طرف اپنی اسلامی وراثت کی وجہ سے ان جذباتی اور نفسیاتی قدروں کو بھی سینے سے لگائے پھرتے ہیں جو عصر حاضر سے بالکل میل نہیں کھاتیں۔ ایک طرف اسلام سود لینے دینے کی ممانعت کرتا ہے دوسری طرف شمالی امریکہ میں رہنے والا ہر شخص مکان کی خرید و فروخت کے وقت مارگیج لینے دینے پر مجبور ہے، کریڈٹ پر، کارڈوں سے سامان خریدتا ہے اور اس پر سود دیتا ہے، تجارت کرنے میں بینک سے سود پر پیسہ لیتا ہے حتیٰ کہ اپنی پس ماندہ دولت کی افزائش جس کے لیے وہ افراط زر سے بچنے کے لیے مجبور ہے "سود" ہی کے ذریعے کرتا ہے۔ اصل میں کسب زر کا مسئلہ اسلامی نقطۂ نظر سے ایسی سنگین صورت اختیار کر گیا ہے کہ جب تک اس موضوع پر ایک بین الملی دینی کانفرنس اجماع کی شکل میں اجتہادانہ سفارشات نہ پیش کرے، "پاک رزق" کی صحیح تعریف متعین نہیں کی جا سکتی۔ یہ کام محض مکتبی ملاؤں یا جدید ماہرین معاشیات کے بس کی بات نہیں۔ مغربی نظام معیشت نے نظام زر اور مالیات کے جو ادارے اور اصول بنائے ہیں وہ پوری دنیا میں جاری و ساری ہیں۔ اور چونکہ حالات حاضرہ میں ایک خالص متوازی اسلامی نظام مالیات کا قیام ناممکن نظر آتا ہے اس لیے یہی صورت رہ جاتی ہے کہ ایک بین الملی اجماع اسلامی معیشتی و مالیاتی اصول وضع کرے جن کی تفہیم و تعبیر اسلامی اصولوں پر ہو لیکن ساتھ ہی وہ مغربی نظام سے بھی منسلک کیا جا سکے۔ بے شمار مسائل ایسے ہیں جو محض "دولت"، "زر مبادلہ"، "اصول مضاربت" اور "سرمایہ" کی تعریف اسلامی شرعی حدود میں متعین کرنے ہی سے حل ہو جائیں گے۔ مثلاً موجودہ نظام میں "سود" کا اطلاق کئی ایسی حالتوں پر ہوتا ہے جو شرعی اعتبار سے "نفع" کے خانے میں شامل کی جا سکتی ہیں۔ لیکن چونکہ بدقسمتی سے مسلمانوں کے ہاں اجماع اور اجتہاد کی روایات زندہ نہیں رہیں اس لیے موجودہ حالات میں تجارت و صنعت میں فراہمی زر بلکہ پورے معیشتی نظام کا ہر ہر تار گناہ میں الجھا ہوا نظر آتا ہے۔

تمدنی سطح پر تو حالت [illegible]

یہ ہے کہ مسلمان کچھ تو تمدنی تقاضوں اور کچھ معاشی زندگی کی بہتری کے حصول کی خاطر عورتوں کو بے پردہ کرنے پر مجبور ہیں۔ ہماری خواتین اسلامی بے پردگی کی گناہ گار ہیں۔ جس انداز میں وہ اپنی تزئین کرتی ہیں اور نمائش کرتی ہیں، وہ عام انسانی جذبے سے مجبور ہو کر جو دل چاہے ہیں، دراصل اسلامی نقطۂ نظر سے عریاں فکر [illegible] کی حد تک پہنچ جاتا ہے۔ کھانے پینے اور تفریح و آمد و رفت کے جو طور طریقے عام نظر آتے ہیں وہ ایسے حالات ہیں جہاں اور جن اوقات گناہ انگیز ہوتے ہیں۔ صبح سے شام تک زندگی کا جو جو کام ہوتا ہے وہ دینی اعتبار سے گناہ آلود ہوتا ہے۔

اسلام میں شراب، چوری، زنا، سور کا گوشت، قتل، ایک دوسرے کی برائی اور غیبت، یتیم کا مال کھانا بے شمار اور باتوں کے ساتھ نہایت سخت قابل مواخذہ گناہ ہیں۔ اگر یہاں پر بسنے والے مسلمان مذکورہ بالا گناہوں کے مرتکب نہ بھی ہوں تو محض روزمرہ کی بنا پر سیدھی سادی زندگی میں بے شمار اسلامی احکامات کو نظر انداز کرنے کے ذمہ دار ضرور ہوتے ہیں۔ کسب زر کا مسئلہ تو خیر بہت سنگین ہے اور شاذ ہی کوئی پاک رزق حاصل کرتا یا کر سکتا ہو۔ یہی حال پردے کی حرمت کا ہے لیکن شاذ ہی کوئی اس پر عمل کرنا چاہے۔ تفریحات میں تضیع اوقات کے علاوہ لہو و لعب اور عریانی و فحاشی جس انداز میں شامل ہو جاتی ہے اس پر اسلام کسی طرح راضی نہیں ہو سکتا۔ لیکن ان تفریحات کو شاذ ہی کوئی مسلمان چھوڑنا پسند کرے۔ یہی کیفیت کھانے پینے کی چیزوں میں ہے۔

ان امور کے علاوہ شمالی امریکہ کی تمدنی زندگی میں بے شمار ایسی باتیں ہوتی ہیں جن کی اسلام اجازت نہیں دیتا۔ مثلاً مردوں اور عورتوں کا اختلاط باہمی خصوصاً جس انداز میں یہاں ہوتا ہے، کھانے پینے کی اشیاء میں سور کی چربی کا شمول، ذبیحہ کے طور طریق جس میں اگرچہ جانور کا پورا خون بہہ بھی جائے لیکن ذبح کرتے وقت اللہ کا نام نہیں لیا جاتا (عام مسلمانوں کی اطلاع کے خلاف کوشر گوشت بھی حلال ذبیحہ کی تعریف میں نہیں آسکتا) روز مرہ کی مصروفیات کا تانا بانا ایسا ہوتا ہے جس کے پیش نظر عبادت کے اوقات قائم نہیں رکھے جا سکتے مثلاً ظہر، عصر کی نمازیں متاثر ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ اسلامی طہارت کا قائم رکھنا انتہائی مشکل ہو جاتا ہے۔ روزہ اگر گرمیوں میں رکھنا پڑے تو کوئی پندرہ گھنٹے رکھنا ہو گا جو یقیناً صبر آزما کام ہے۔ جماعت سے نماز کی ادائیگی تقریباً ناممکن ہے [illegible]

مشکل امر ہے [illegible] اور تعلیم و تربیت [illegible] بہت ہی توجہ کا طالب ہے۔ غرض یہ کہ بے شمار اسلامی شعائر کی [illegible] اگر [illegible]

مختصر یہ کہ [illegible] مرد بھی ہو کر یہاں پر بسیرا [illegible] [illegible] سے پوچھا جائے کہ آخر [illegible] اپنی زندگی کا مقصد کیا بتایا ہے؟ [illegible] معاشرہ مادی اعتبار سے نفع بخش ہو گیا ہے اور تہذیبی اعتبار سے ترقی یافتہ اور فکر و عمل کے لیے مکمل آزادی دیتا ہے۔ لیکن دینی اعتبار سے یہاں کی فضا عموماً [illegible] اور موجودہ حالت کی کارفرمائی کے لیے نہایت موزوں ہے۔ اس معاشرے میں ہمارے اخلاقی اور اسلامی قدروں کے پامال ہونے کا زبردست خطرہ ہے اور اس سے بڑھ کر قرآنی اور فقہی احکامات کی بجا آوری اگر ناممکن نہیں تو ناموزوں طبعی منافقت کی وجہ سے انتہائی مشکل ہو جاتی ہے۔ دوسرا خطرہ یہ ہے کہ ہم رفتہ رفتہ اسی زندگی کے عادی ہوتے جاتے ہیں اور فکری و نظری اعتبار سے اسلامی احکامات و شعائر فرسودہ، ناقابل عمل بلکہ ناقابل قبول سمجھے جاتے ہیں۔ فکر و نظر کی یہ گمراہی آئندہ آنے والی نسلوں کے لیے بھی نیک فال نہیں ہے۔ اور یہ بہت ممکن ہے کہ ہماری تیسری چوتھی نسل اسلام سے قطعی ناواقف نکلے! جس طرح ہم نے اسلام کے صریح احکامات کے باوجود بے پردگی، سودی آمدنی اور تفریح و تعیش کو کچھ ایسے قبول کر لیا ہے کہ اب

باری [illegible] [illegible] [illegible] اسلامی [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

یا [illegible] معاشرے کا [illegible] اسلام [illegible] [illegible] ہوتی ہے جو [illegible] زندگی پر عمل پیرا ہونے میں رکاوٹ ثابت ہوتی ہے خصوصاً تمدنی و تہذیبی شعائر میں۔ ہمارے خیال میں شرعی حیلوں اور اجتہاد کے ذریعے ان مسائل کو طے کیا جا سکتا ہے۔ اجماع ملی اس کے لیے ایک ضروری ادارہ ہے اسے دوبارہ زندہ کرنے کی ضرورت ہے۔

غرض کہ اسلامی نظام حیات کی صحت اور زندگی کے لیے ہمیں ان امور پر سوچنے اور ایک قابل قبول و عمل لائحۂ عمل تیار کرنے کی ضرورت ہے۔ لیکن یہ بات ذہن نشین رہے کہ ہم نصاریٰ و یہود کے عصر حاضر کی سائنسی و علمی ترقیوں کے پیدا کردہ معاشرے میں اپنے دینی مسائل کا حل تلاش کر رہے ہیں۔ اس لیے ہمیں اس ضمن میں سوچنا چاہیے۔ وما توفیقی الا باللہ۔

سید ابوالاعلیٰ مودودی

روزہ اور ضبطِ نفس

روزے کے متعدد اخلاقی، روحانی فائدوں میں سے ایک یہ ہے کہ وہ انسان میں ضبطِ نفس کی طاقت پیدا کرتا ہے۔ اس بات کو پوری طرح سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ پہلے ہم ضبطِ نفس کا مطلب سمجھ لیں، پھر یہ معلوم کریں کہ اسلام کس قسم کا ضبطِ نفس چاہتا ہے اور اس کے بعد یہ دیکھیں کہ روزہ کس طرح یہ طاقت پیدا کرتا ہے۔

ضبطِ نفس سے مراد یہ ہے کہ آدمی کی خودی جسم اور اس کی طاقتوں پر اچھی طرح قابو یافتہ ہو اور نفس کی خواہشات و جذبات پر اس کی گرفت اتنی مضبوط ہو کہ وہ اس کے فیصلوں کے تابع ہو کر رہیں۔ انسان کے وجود میں خودی کا مقام وہی ہے جو ایک سلطنت میں حکمران کا مقام ہوتا ہے۔ جسم اور اس کے اعضاء خودی کے آلۂ کار ہیں۔ تمام جسمانی اور دماغی طاقتیں خودی کی خدمت کے لئے ہیں۔ نفس کی حیثیت اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ وہ خودی کے حضور اپنی خواہشات کو درخواست کے طور پر پیش کرے۔ فیصلہ خودی کے اختیار میں ہے کہ وہ ان آلات اور طاقتوں کو کس مقصد کے لئے استعمال کرے اور نفس کی گزارشات میں سے کسے قبول اور کسے رد کر دے۔ اگر کوئی خودی اتنی کمزور ہو کہ جسم کی مملکت میں وہ اپنا حکم اپنے منشا کے مطابق نہ چلا سکے اور اس کے لئے نفس کی خواہشیں، مطالبات اور احکام کا درجہ رکھتی ہوں تو وہ ایک مغلوب اور بے بس خودی ہے۔ اس کی مثال اس سوار کی سی ہے جو اپنے گھوڑے کے قابو میں آ گیا ہو۔ ایسے کمزور انسان دنیا میں کسی قسم کی بھی کامیاب زندگی بسر نہیں کر سکتے۔ تاریخِ انسانی میں جن لوگوں نے اپنا کوئی نقش چھوڑا ہے وہ وہی لوگ تھے جنہوں نے اپنے وجود کی طاقتوں کو بزور اپنا محکوم بنا کر رکھا ہے، جو خواہشاتِ نفس کے بندے اور جذبات کے غلام بن کر نہیں بلکہ ان کے آقا بن کر رہے ہیں، جن کے ارادے مضبوط اور عزائم پختہ رہے ہیں۔

لیکن فرق اور بہت فرق ہے اس خودی میں جو خود خدا بن جائے اور اس خودی میں جو خدا کی تابع فرمان بن کر کام کرے۔ کامیاب زندگی کے لئے خودی کا طاقتور ہونا تو بہرحال ضروری ہے، مگر جو خودی اپنے خالق سے آزاد اور دنیا کے مالک سے بے نیاز ہو، جو کسی بالاتر اخلاقی قانون کی پابند نہ ہو، جس کو نہ حساب لینے والے کی باز پرس کا اندیشہ ہو، وہ اگر اپنے جسم و نفس کی طاقتوں پر قابو پا کر ایک طاقتور خودی بن جائے تو وہ دنیا میں فرعون اور نمرود، ہٹلر اور مسولینی جیسے بڑے بڑے مفسد ہی پیدا کر سکتی ہے۔ ایسا ضبطِ نفس نہ قابلِ تعریف ہے اور نہ وہ اسلام کو مطلوب ہے۔ اسلام جس ضبط کا قائل ہے وہ یہ ہے کہ پہلے انسان کی خودی اپنے خدا کے آگے سرِ تسلیم خم کر دے، اس کی رضا کی طلب اور اس کے قانون کی اطاعت کو اپنا شعار بنا لے، اس کے سامنے اپنے آپ کو جوابدہ سمجھ لے، پھر اس مسلم و مومن خودی کو اپنے جسم اور اس کی طاقتوں پر حاکمانہ اقتدار اور اپنے نفس اور اس کی خواہشوں پر قاہرانہ تسلط حاصل ہو، تاکہ وہ دنیا میں ایک مصلح قوت بن سکے۔

یہ ہے اسلامی نقطۂ نظر سے ضبطِ نفس کی اصل حقیقت۔ آئیے اب ہم دیکھیں کہ روزہ کس طرح انسان میں یہ طاقت پیدا کرتا ہے۔

اگر آپ نفس و جسم کے مطالبات کا جائزہ لیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ ان میں تین مطالبے اصل و بنیاد کا حکم رکھتے ہیں اور وہی سب سے زیادہ طاقتور مطالبے ہیں۔

ایک غذا کا مطالبہ جس پر بقائے حیات کا انحصار ہے۔

دوسرا صنفی مطالبہ جو بقائے نوع کا ذریعہ ہے۔

تیسرا آرام کا مطالبہ جو قوتِ کارکردگی کی بحالی کے لئے ضروری ہے۔

یہ تینوں مطالبے اگر اپنی حد کے اندر ہیں تو عین تقاضائے فطرت ہیں لیکن نفس و جسم کے پاس یہی تین پھندے ایسے ہیں کہ ذرا سی ڈھیل پاتے ہی وہ ان کے جال میں پھانس کر آدمی کی خودی کو الٹا اپنا غلام بنا لیتے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک مطالبہ بڑھ کر مطالبات کی ایک فہرست بن جاتا ہے اور ہر ایک زور لگاتا ہے کہ انسان اپنا مقصدِ زندگی، اپنے اصول اور اپنے ضمیر کے تقاضے معطل کر کے بس اسی کے تقاضے پورے کرنے میں لگا رہے۔ ایک کمزور خودی جب ان تقاضوں سے مغلوب ہو جاتی ہے تو غذا کا مطالبہ اسے بندۂ شکم بنا دیتا ہے، صنفی جذبہ اس کو حیوانیت کے اسفل سافلین میں پہنچا دیتا ہے اور جسم کی آرام طلبی اس کے اندر ارادے کی کوئی طاقت باقی نہیں رہنے دیتی۔ پھر وہ اپنے نفس و جسم کی حاکم نہیں بلکہ ان کی خادم بن کر رہتی ہے اور اس کا کام صرف یہ رہ جاتا ہے کہ ان کے احکام کو بجا لائے اور جائز و ناجائز تمام طریقوں سے بجا لایا کرے۔

روزہ نفس کی انہی تین خواہشوں کو اپنے ضابطے کی گرفت میں لیتا ہے اور خودی کو ان پر قابو پانے کی مشق کراتا ہے۔ وہ اس خودی کو جو خدا پر ایمان لا چکی ہے، یہ خبر دیتا ہے کہ تیرے خدا نے آج دن بھر کے لئے تجھ پر دانہ پانی حرام کر دیا ہے، اس مدت کے اندر تیرے مالک نے آج تیری صنفی خواہشات پر بھی پابندی عائد کر دی ہے، صبح صادق سے غروبِ آفتاب تک تیرے لئے حلال طریقے سے بھی ان خواہشات کو پورا کرنا حرام ہے۔ وہ اسے یہ اطلاع بھی دیتا ہے کہ تیرے رب کی خوشی اسی میں ہے کہ دن بھر کی بھوک پیاس کے بعد جب تو افطار کرے تو نڈھال ہو کر لیٹ نہ جا بلکہ اٹھ کر عام دنوں سے زیادہ اس کی عبادت کر۔ وہ اس کو یہ حکم بھی پہنچاتا ہے کہ نماز کی لمبی رکعتوں سے فارغ ہو کر جب تو آرام لے تو صبح تک مدہوش ہو کر نہ پڑا رہ بلکہ معمول کے خلاف سحری کے لئے اٹھ اور صبح سے پہلے اپنے جسم کو غذا دے۔ یہ سارے احکام پہنچا دینے کے بعد وہ ان کی تعمیل کا معاملہ خود اسی پر چھوڑ دیتا ہے۔ اس کے پیچھے کوئی پولیس، کوئی سی آئی ڈی، کوئی خارجی دباؤ ڈالنے والی طاقت نہیں لگائی جاتی۔ وہ چھپ کر کھائے پیئے یا صنفی خواہشات پوری کر لے تو خدا کے سوا کوئی اسے دیکھنے والا نہیں ہے۔ وہ تراویح سے بچنے کے لئے کوئی شرعی حیلہ کر دے تو کوئی دنیوی طاقت اس کی گرفت نہیں کر سکتی۔ سب کچھ اس کے اپنے اوپر منحصر ہے۔ اگر مومن کی خودی واقعی خدا کی مطیع ہو چکی ہے اور اگر اس کے ارادے میں اتنا دم ہے کہ نفس پر قابو پا سکے، تو وہ خود ہی غذا کی مانگ کو، صنفی خواہش کو اور آرام کی طلب کو اس ضابطے میں کس دے گی جو آج خلافِ معمول اس کے لئے مقرر کر دیا گیا ہے۔

یہ صرف ایک دن کی مشق نہیں ہے، ایسی مشق کے لئے ایک دن کافی بھی نہیں ہو سکتا۔ مسلسل ۳۰ دن خودی سے یہی مشق کرائی جاتی ہے۔ سال بھر میں پورے ۷۲۰ گھنٹے کے لئے یہ پروگرام بنا دیا گیا ہے کہ رات کے آخری حصے میں اٹھ کر سحری کھاؤ۔ صبح پو پھٹتے ہی کھانا پینا بند کر دو، دن بھر ہر قسم کی غذا سے پرہیز کرو۔ غروبِ آفتاب کے بعد ٹھیک وقت پر افطار کرو۔ پھر رات کا ایک حصہ تراویح کی غیر معمولی نماز میں کھڑے رہ کر گزارو۔ اور چند گھنٹے آرام لینے کے بعد پھر دوسرے دن کے لئے یہی پروگرام شروع کر دو۔ اس طرح مہینہ بھر تک پے در پے نفس کے ان تین سب سے بڑے اور سب سے زیادہ طاقتور مطالبوں کو ضابطے میں کستے رہنے سے خودی کے اندر یہ طاقت پیدا ہو جاتی ہے کہ وہ خدا کی مرضی کے مطابق اپنے نفس و جسم پر حکومت کر سکے۔ اور یہ عمر بھر میں صرف ایک ہی مرتبہ کا پروگرام نہیں ہے بلکہ سنِ بلوغ کو پہنچنے کے بعد سے مرتے دم تک ہر سال میں ایک مہینہ اسی مشق کے لئے وقف کیا گیا ہے تاکہ نفس پر خودی کی گرفت بار بار تازہ اور سخت ہوتی رہے۔

یہ ساری مشق محض اس غرض کے لئے نہیں کہ مومن کی خودی صرف اپنی بھوک، پیاس، شہوت اور آرام طلبی پر قابو پا لے اور اس کی غرض یہ بھی نہیں ہے کہ اس کو نفس و جسم پر قابو صرف ایک رمضان ہی کے مہینے میں حاصل رہے۔ دراصل اس کا مدعا یہ ہے کہ نفس کے ان تین سب سے زیادہ زور دار حربوں کا مقابلہ کر کے وہ اس کے سارے ہی جذبات اور ساری ہی خواہشات پر قابو یافتہ ہو جائے۔ اور اس میں اتنی طاقت پیدا ہو جائے کہ محض رمضان ہی میں نہیں بلکہ رمضان کے بعد بھی باقی گیارہ مہینوں میں وہ ہر اس خدمت کے لئے اپنے جسم اور اس کی طاقتوں سے کام لے سکے جو خدا نے اس پر فرض کی ہو، ہر اس بھلائی کے لئے کوشش کر سکے جس میں خدا کی رضا ہو، ہر اس برائی سے رک سکے جو خدا کو ناپسند ہو۔ اور اپنی خواہشات و جذبات کو ان حدود کا پابند بنا کر رکھ سکے جو خدا نے اس کے لئے مقرر کر دی ہیں۔ اس کی باگیں نفس کے قبضے میں نہ ہوں کہ جدھر جدھر وہ چاہے اسے کھینچے پھرے، بلکہ حقیقی اقتدار اس کے اپنے ہاتھ میں رہے اور نفس کی جن خواہشوں کو، جس وقت، جس حد تک اور جس طرح پورا کرنے کی خدا نے اجازت دی ہے انہیں اسی ضابطے کے مطابق پورا کرے۔ اس کا ارادہ اتنا کمزور نہ ہو کہ فرض کو فرض جانتا بھی ہو، ادا بھی کرنا چاہتا ہو مگر جسم پر اس کا حکم ہی نہ چلتا ہو، بلکہ جسم کی مملکت میں وہ اس زبردست حاکم کی طرح رہے جو اپنے ماتحت عملے سے ہر وقت اپنے حسبِ منشا کام لے سکتا ہو۔ یہی طاقت پیدا کرنا روزے کا اصل مقصد ہے۔ جس شخص نے روزے سے یہ طاقت حاصل نہ کی اس نے خواہ مخواہ اپنے آپ کو بھوک پیاس اور رت جگے کی تکلیف دی۔

قرآن اور حدیث دونوں میں اس بات کو صاف صاف واضح کر دیا ہے۔ قرآن میں فرمایا گیا کہ روزے تم پر اس لئے فرض کئے گئے ہیں کہ تمہارے اندر تقویٰ کی صفت پیدا ہو۔ حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے جھوٹ بولنا اور جھوٹ پر عمل کرنا نہ چھوڑا اس کا پانی اور کھانا چھڑوا دینے کی خدا کو کوئی حاجت نہیں۔ نیز حضورؐ نے فرمایا بہت سے روزہ دار ایسے ہیں جو روزے سے بھوک پیاس کے سوا کچھ نہیں پاتے۔

انٹرویو : نمائندہ خصوصی کریسنٹ

فلمی ستارے محمد علی سے ایک ملاقات

پاکستان کے مشہور فلمی ستارے جناب محمد علی اور ان کی بیگم زیبا علی پچھلے مہینے چھٹیوں پر شمالی امریکہ آئے ہوئے تھے۔ ٹورانٹو میں ان کا قیام ہوٹل ٹورانٹو میں رہا۔ کریسنٹ کے نمائندے کی حیثیت سے مجھے ان کا انٹرویو لینے کا موقع ملا جس کا معین وقت تو صرف چند منٹ تھا مگر باتوں باتوں میں گھنٹہ گزر گیا۔

محمد علی کو بیان کرنا مشکل ہے دیکھئے میں وہ فلمی ستارے سے زیادہ کسی ہوائی جہاز کا پائلٹ معلوم ہوتا ہے لمبا چوڑا کسرتی بدن، لا اُبالی مسکراہٹ، فلسفیوں کی سی باتیں، باتوں میں شعر پڑھنا، لباس اور چال ڈھال میں مغربی طرز مگر دل و دماغ میں مشرقیت۔ مختصراً وہ نسیم حجازی کے اسلامی تاریخی ناولوں کے ہیرو کی طرح ہے۔ پکا محب وطن مسلمان پاکستانی!

باتوں کا آغاز بھارتی فلمی رسالے "شمع" کی اس دعوت سے ہوا جس میں پاکستانی فلمی ستاروں کو مدعو کیا گیا تھا کہ وہ بھارتی فلموں میں کام کریں۔

محمد علی: ہندوستان اور پاکستان کے فلمی اداکاروں کے آپس میں ساتھ ساتھ کام کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ کہنے کو تو ٹھیک بات ہے کہ فن میں کسی حد کا تعین نہیں ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ معاشرتی اور معاشی ضروریات نے حدیں قائم کر دی ہیں۔ "شمع" اور چند اور بھارتی اخبارات نے پاکستانی فنکاروں کو بھارت میں کام کرنے کی دعوت دی ہے لیکن انہیں یہ کیوں معلوم نہیں ہے کہ جو حدیں انہوں نے خود مقرر کر دی ہیں انہیں نہ کوئی فنکار پاٹ سکتا ہے نہ کوئی سیاستدان اور نہ ملٹری۔ میں ہندوستان آنا چاہتا ہوں، میری ماں وہاں دفن ہے۔ کیوں نہیں آ سکتا؟ فنکار کی حیثیت سے آپ مجھ سے کہئے بیشک آپ کے ساتھ کام کروں لیکن ایک انسان کی حیثیت سے آپ مجھے روکتے ہیں میں آپ کو روکتا ہوں۔ ہندوستان امرتسر ریڈیو سے پرچار کرتا ہے کہ ہم بھائی بھائی ہیں اور ہمیں مل جل کر رہنا چاہیئے۔ ہم نے کب کہا کہ ہم بھائی نہیں ہیں لیکن تقسیم سے پہلے جگہ جگہ میں ایک چھوٹا سا بچہ تھا، اس وقت کی آواز آج تک میرے کان میں گونجتی ہے "مسلم پانی۔ ہندو پانی" اب اس بھائی میں جب آپ خود تفریق کرتے ہیں، اس بھائی کے وقار اور سالمیت کو آپ نے آج تک قبول نہیں کیا، ایسے فریق و تقسیم کرنے کی آج تک کوشش ہو رہی ہیں ۔۔ تو ہم آپ پر کیسے اعتماد کر سکتے ہیں؟

بھارتی فنکاروں کے ساتھ کام کرنے کی دعوت تو انہوں نے دے دی، بھائی بھائی کے نعرے بھی لگا بیٹھے مگر سیاسی طور پر مل بیٹھنے کی بھی انہوں نے کبھی سچے دل سے کوشش کی ہے؟

پہلے مسائل کو حل کیجئے۔ ہمارے وجود کو دل سے تسلیم کیجئے تو پھر میں بلکہ دوسرے پاکستانی فنکار بھی آپ کے ساتھ ۔۔۔ کام کریں گے۔

کریسنٹ: بہت خوب! اب یہ بتائیے کہ اگر ہماری فلم انڈسٹری میں آپ جیسے محب وطن لوگ موجود ہیں تو کیا وجہ ہے کہ اب بھی بھارتی فلموں کی چربہ سازی پاکستان میں ۔۔۔ ہے؟ ۔۔۔



محمد علی ہوٹل ٹورانٹو میں

کسی کی نقل کرنا اس کے اعلیٰ حسن فن کی بہترین تعریف ہے۔ تو کیا اب بھی ہماری فلم انڈسٹری بھارتی فلم انڈسٹری کے مقابلے میں احساس کمتری میں مبتلا ہے ۔۔؟

محمد علی: حکومت اور پاکستانی فلم سازوں کے ایک گروہ کی انتھک کوششوں اور اللہ کے فضل سے پاکستان میں اب چربہ فلمیں بالکل بند ہو چکی ہیں۔ امرتسر ٹی۔وی سے نشر کی جانے والی بھارتی فلمیں دیکھنے سے ہمیں ایک فائدہ یہ ہوا ہے کہ عوام اور ہمارے فلمساز جان چکے ہیں کہ بھارت میں کتنی گھٹیا اور عامیانہ فلمیں بنتی ہیں۔ ان کی کبھی ہر فلم "ہٹ" نہیں ہوتی۔ بلکہ پاکستان میں بھارتی فلموں سے نسبتاً زیادہ "ہٹ" فلمیں بنتی ہیں۔ یعنی بھارت ایک سال میں کئی سو فلمیں بناتا ہے جن میں سے بمشکل آٹھ یا دس فلمیں ہٹ ہوتی ہیں۔ جبکہ پاکستان میں تقریباً ۸۰ یا ۹۰ فلمیں بنتی ہیں جن میں سے تقریباً دس فلمیں ہمارے معیار کے مطابق بہترین فلمیں ہوتی ہیں۔ یعنی پاکستان میں جو بھارتی فلموں کا ہوّا تھا وہ اب ختم ہو گیا ہے۔ لہٰذا ان دنوں پاکستان میں چربہ فلمیں بنانا بالکل بند ہو چکے ہیں۔ فلموں میں عریانیت اور بیکاری پر گولیاں لگنا ۔ سب بند ۔۔۔

کریسنٹ: ایکٹروں پر گولیاں لگنا ۔۔؟

محمد علی: ۔۔۔ میں مغربی تہذیب کو دکھانے کے بہانے بہت عریانیاں اور فحش فلمیں بننا شروع ہو چکی تھیں ۔۔۔ ہماری تھا تو اور ۔۔۔ اقدار کے بالکل منافی تھا لہٰذا چند فلمسازوں کے ساتھ مل کر عریانیت کے خلاف ایک باقاعدہ مہم کا آغاز کیا جیسے چند شریف لوگوں نے ناپسند کیا اور مجھے ختم کرنے کی چار بار کوشش کی گئی ۔۔ لیکن یقین کیجئے مجھے اس بات کا افسوس نہیں ہے۔ اچھے ایمان اور وطن پاک کی خاطر میں پانچ بار ۔۔۔ تیار ہوں۔

کریسنٹ: شمالی امریکہ میں رہنے والے اکثر پاکستانی ۔۔۔ کو ۔۔۔ بائیکاٹ کیا ہوا ہے ۔۔۔ چاہتے ہیں کہ پاکستانی فلمیں دیکھیں۔ مگر پاکستانی فلمیں یہاں ۔۔۔ کیا یہ ممکن ہے کہ شمالی امریکہ میں پاکستانی فلمیں باقاعدہ طور پر ۔۔۔ ہو سکیں؟

محمد علی: جی ہاں یہ بالکل ممکن ہے۔ بلکہ ہمارے فلمساز شمالی امریکہ میں اپنی فلموں کی کھپت کے لیئے پہلے چند ایک سال نقصان بھی اُٹھانے کے لیئے تیار ہیں۔ لیکن ہمارے سامنے دو مشکلات درپیش ہیں ایک تو اس وقت شمالی امریکہ اور یورپ کے سینما گھروں میں تقریباً سو فیصدی جو پاکستانی فلمیں دکھائی جا رہی ہیں وہ بلیک مارکیٹ سے حاصل کی گئی ہیں۔ ان فلموں سے نہ پاکستان کو زرِ مبادلہ ملتا ہے، نہ فلمسازوں کو اور نہ ہی کسی اور کو فائدہ ہوتا ہے۔ اگر فلم بین ہمارا ساتھ دیں اور بھارتی فلموں کے ساتھ ساتھ بلیک سے لائی گئی پاکستانی فلموں کا بھی بائیکاٹ کریں تو یہ ہم سب پر احسان ہوگا۔

دوسری مشکل ہمارے نااہل سفارت خانے ہیں۔ دیارِ غیر میں جتنے بھی پاکستانی سفارت خانے ہیں، انہوں نے کبھی اس بات پر دھیان نہیں دیا کہ قیمتی زرِ مبادلہ حاصل کرنے کے لیئے پاکستانی فلمیں ایک عظیم خدمت انجام دے سکتی ہیں۔ لہٰذا ان کا پرچار کریں، پاکستانی فلم انڈسٹری اور حکومت کو اس سلسلے کے مسائل اور فوائد سے آگاہ کریں۔ بلکہ مجھے تو یہاں اور یورپ میں جتنے بھی پاکستانی بہن بھائی ملے ہیں ان میں سے اکثر اپنے سفارت خانوں سے نالاں ہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ سفارت خانے والے اپنے غریب ملک کے سرمائے سے دیارِ غیر میں داد عیش دینے کے علاوہ کوئی کام نہیں کرتے۔ بتائیے آپ کے سفیر صاحب کی محبوب شراب کونسی ہے؟

کریسنٹ: محبوب شراب ۔۔۔؟ جی مجھے تو ۔۔۔

محمد علی: مجھے علم ہے ۔۔۔ خانے والے ۔۔۔ اس تنقید سے خوش نہیں ہوں گے اور غالباً اسلام آباد سے مجھے عزیز احمد صاحب کی تنبیہ موصول ہوگی۔ مگر حق گوئی سے مجھے خوف نہیں۔

کریسنٹ: ۔۔۔ ہے تو یہ بتائیے کہ پاکستانی فلمیں پاکستانی ماحول اور معاشرے کی کس حد تک صحیح عکاسی کرتی ہیں؟

محمد علی: ہماری یہ بدقسمتی ہے کہ پاکستانی اور ہندوستانی فلم انڈسٹری ابھی تک اندرسبھا اور رام لیلا سے آگے نہیں بڑھی ۔۔ ہم لوگ فلمیں نہیں بناتے بلکہ ہانڈی پکاتے ہیں جیسے مرچیں، دھنیا، نمک، پیاز اور لہسن ۔۔۔ کے لیئے ضروری ہوتے ہیں ایسے ہی ہماری فلموں میں تھوڑی سی کامیڈی، آٹھ دس گانے، ڈانس، مار کٹائی اور ایک آدھ ۔۔۔ ہیں ۔۔۔ تیار ہو جاتی ہے تو وہ ہماری فلم ہوتی ہے۔ یہ ہماری بدقسمتی ہے مگر فلم بین طبقہ ایک پاکستانی فلم میں یہ سب چیزیں دیکھنا چاہتا ہے ۔۔۔ اس قسم کی فلمیں بنانا پڑتی ہیں۔ اگر تماشائی ۔۔۔ موضوعات پر فلمیں دیکھنا پسند کریں تو ہم بنائیں گے مگر اب تک اچھوتی کوشش بھی ۔۔۔ کوئی بھی فلم باکس آفس پر کامیاب نہیں ہو سکی۔ لہٰذا یہ قصور ہمارا نہیں آپ فلم دیکھنے والوں کا ہے۔ غیر قدرتی باتیں مجھے بھی اچھی نہیں لگتیں۔ اسی لیئے میں فلموں میں گانا گانے سے نفرت کرتا ہوں۔ اب آپ ہی بتائیے کہ کیا میں نے ٹورانٹو میں اپنی بیوی کے گلے میں باہیں ڈال کر کوئی گانا گایا ہے؟

کریسنٹ: ہاہاہا ۔۔۔۔۔ جی میں نے تو نہیں دیکھا۔ اب آخر میں ایک سوال اور رہ ہے کہ آپ دونوں کی فلمی مصروفیات کی بناء پر کیا آپ کی ازدواجی زندگی پر کسی قسم کا دباؤ پڑا ہے؟

محمد علی: جی نہیں اللہ کے فضل سے ہماری ازدواجی زندگی اتنے کام کے باوجود بھی بہت اچھی ہے۔

زیبا علی: جی ہاں! ماشاء اللہ نظرِ بد دور ۔۔

محمد علی: میں تو کماتا ہی ان ہی کے لیئے ہوں۔ لہٰذا اگر میں بہت مصروف ہوں تو انھیں کہتا ہوں کہ اسٹوڈیو آکر میرے ساتھ رہیں۔ اور اگر میں مصروف نہیں اور وہ مصروف ہیں تو میں ان کے پاس چلا جاتا ہوں۔

کریسنٹ: جناب محمد علی اور زیبا صاحبہ آپ کا بہت بہت شکریہ بڑا وقت لیا میں نے ۔۔ ●●

یوم آزادی کی تقاریب

ٹورانٹو میں پاکستانی کینیڈین ایسوسی ایشن کی جانب سے ۱۴ اگست کو کالج آف ایجوکیشن میں جشن آزادی کا پروگرام پیش کیا گیا۔ ایسوسی ایشن کی ۔۔۔ پیش کردہ پروگراموں کی روایات کے مطابق ۔۔۔ نہیں ہو پایا ۔۔۔ پروگرام کا ۔۔۔

ریڈیو پر خاص پروگرام

ٹورانٹو میں ریڈیو ۔۔۔ پر ۱۴ اگست کو یوم آزادی پر پیش کیا ہوا ایک گھنٹہ کا صرف پاکستانی ریڈیو پروگرام ایک بہترین کوشش تھی۔ اس پروگرام میں بابائے قوم قائد اعظم محمد علی جناح کی ریکارڈ شدہ تقریر نشر کی گئی۔ پاکستان کے ماضی اور حال پر روشنی ڈالی گئی۔ پھر قومی ترانے اور گیت سنائے گئے۔

پروگرام کے پروڈیوسر ایوب قریشی صاحب اور صداکاران عادل تیموری اور جبین شریف مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انھوں نے اس قومی دن کے شایانِ شان پروگرام پیش کیا۔

وینکوور میں پاکستان کینیڈا ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام یوم آزادی پاکستان کی تقریب بڑے پُروقار طریقے سے منائی گئی۔ ۱۴ اگست کو شام چھ بجے بچوں کو مٹھائی تقسیم کرنے سے تقریب کا آغاز ہوا۔ ساڑھے چھ بجے جلسہ عام منعقد ہوا۔ جس کی صدارت جناب ایم۔ زیڈ خان نے کی۔ تلاوت کلام پاک کے بعد جناب ڈینیل پال، جناب ممتاز گیلانی اور جناب شمس اقبال نے اپنی تقاریر میں پاکستان کی جدوجہد آزادی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ اسٹیج سکریٹری کے فرائض جناب رفاقت باجوہ سکریٹری ایسوسی ایشن نے ادا کیئے۔ جلسہ نے متفقہ طور پر ایک قرارداد پیش کی کہ بنگلہ دیش کے صدر خوندکر مشتاق احمد کو بنگلہ دیش کو جمہوریہ اسلامیہ قرار دینے پر مبارکباد کا تار ارسال کیا جائے۔

صوبہ برٹش کولمبیا کے دور دراز کے علاقوں سے پاکستانیوں نے اس تقریب میں کثیر تعداد میں شرکت کی۔ جلسے کے اختتام پر ایسوسی ایشن کی جانب سے عشائیہ دیا گیا۔ — ذریعہ: رفاقت باجوہ

غیر ممالک میں ملازمتیں دلانے کے بہانے ہزاروں روپے بٹور کر جعلی ایجنسی نے دفتر بند کر دیا

درخواست دہندگان مقررہ تاریخ پر گھر سے غیر ملکی سفر کے لیے تیار ہو کر آ گئے

پاکستان کے بڑے بڑے شہروں میں فریب کا یہ دھندا جاری ہے

[illegible]

بزنجو قبیلے کے سردار فقیر محمد اپنے تین ہزار ساتھیوں سمیت پیپلز پارٹی میں شامل ہو گئے

[illegible]

ہم اپنی خود مختاری اور قومی اتحاد کو محفوظ رکھتے ہوئے تمام ہمسایہ ممالک سے پُر امن تعلقات کے خواہاں ہیں

آئندہ یوم پاکستان تک ملک مزید طاقتور ہو جائے گا

قیام پاکستان کی ۲۸ ویں سالگرہ پر وزیر اعظم بھٹو کا پیغام

[illegible]

پاکستان لندن میں منعقد ہونے والے عالم اسلام کے شاہی جشن میں شریک ہوگا

[illegible]

مشرقی پاکستان میں مکتی باہنی کے بھیس میں بھارتی فوج لڑ رہی تھی، مرارجی ڈیسائی کا انکشاف

دنیا کو غلط تاثر دیا گیا کہ بنگالی پاکستانی فوج سے لڑ رہے ہیں

اندرا گاندھی سازش اور مکر و فریب کے سوا کوئی صلاحیت نہیں رکھتیں

اطالوی صحافی سے بھارت کے سابق نائب وزیر اعظم کا انٹرویو

[illegible]



نئی حکومت لاقانونیت پر قابو پالے گی

مولانا بھاشانی کی طرف سے بنگلہ دیش کی نئی حکومت کا خیر مقدم

[illegible]

برطانیہ میں پیپلز پارٹی کی شاخ ختم کر دی گئی

پارٹی کی قیادت نے برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں سے فریب کیا ہے۔ مظفر علی چوہدری

[illegible]

مشرقی پاکستان کا انقلاب اسلام کی سربلندی کیلئے کام کرنیوالی قوت کی فتح ہے مولانا مودودی

پاکستان بھارتی حملے کی صورت میں بنگلہ دیش کی مکمل حمایت کا اعلان کرنے پر تیار

سیکولرازم کے داعیوں کا حشر مجیب کا سا ہوگا ۔ میاں طفیل محمد

[illegible]

پندرہ روزہ

کریسنٹ

ٹورنٹو کینیڈا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

سن رکھو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے (القرآن)

غدار کا حشر!

قوموں کے سیاسی عروج و زوال کی تاریخ گواہ ہے کہ جب کبھی کسی تنگ نظر خود غرض اور قومی مفاد سے بیگانہ انسان نے کسی قوم سے غداری کی، غیروں کے ہاتھ میں کھیل کر ان کے مقاصد کی تکمیل کے لیے کام کیا اور اپنے مرکز سے کٹ کر اپنی ڈیڑھ اینٹ کی الگ مسجد بنا لی تو خود ہی اپنی پاداش میں گرفتار ہوا اور اپنے عبرت ناک انجام کو پہنچا۔ یہی حشر اسلام اور اسلامی جمہوریہ پاکستان سے غداری کرنے والے بنگالی سامراج کے آلۂ کار بنگ بندھو علاقائیت پرست شیخ مجیب الرحمٰن کا ہوا۔ بانی پاکستان حضرت قائداعظمؒ نے پاکستان کے اساسی نظریہ اسلام کو مشرقی و مغربی پاکستان کے مابین پل اور اتحاد کے ناقابل شکست رشتہ کا نام دیا تھا۔ شیخ مجیب نے پاکستان کے بدترین دشمنوں کا آلۂ کار بن کر بنگلہ زبان، بنگلہ قومیت، بنگلہ تہذیب و ثقافت وغیرہ کے پرفریب نعروں سے بنگالی مسلمانوں کو گمراہ کیا اور ملک کے دونوں حصوں کے مابین اٹوٹ رشتہ اتحاد کو بزعم خویش توڑ کر سوویٹ یونین کی نیم سرپرستی ابھرنے والے برہمنی سامراج کی اشیرباد سے سیکولر سوشلسٹ بنگلہ دیش بنا لیا۔ لیکن ذی شعور بنگالی مسلمانوں کو شیخ مجیب کے اصل کرتوت جاننے میں کوئی زیادہ دیر نہیں لگی اور مجیب ہی کے بنگلہ دیش کو معرض وجود میں آئے ابھی چار سال مکمل نہیں ہونے تھے کہ جس اس موقع پر جب کہ باقی ماندہ پاکستان میں یوم آزادی کی تقاریب منائی جا رہی تھیں۔ اور بنگلہ دیش کے مسلمان مرکز سے جدائی کے فراق میں خون کے آنسو رو رہے تھے۔ بنگلہ دیش کے آمر مطلق شیخ مجیب کا فوج نے تختہ الٹ دیا ہے شیخ مجیب کو ہلاک کر دیا گیا ہے۔ وہ اپنے کیفرکردار کو پہنچ گئے۔ البتہ یہ ان کی خوش قسمتی ہے کہ عوام کو اس کی تکابوٹی کرنے کا موقع نہیں ملا۔ اور جناب مشتاق احمد کھنڈکر نے زمام اقتدار سنبھال لی ہے۔ بنگلہ دیش کے وزیر اعظم منصور علی اور شیخ مجیب کے دو بھتیجوں کو بھی ہلاک کر دیا گیا ہے۔

مشرقی پاکستان تخریب و سازش اور غداری اور ملت فروشی کے کن بھیانک حالات سے گزرنے کے بعد بنگلہ دیش بنا تھا وہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں۔ اس معاملہ میں بھارتی پروپیگنڈے ـــ اور اس کے ساتھ ہی اسلام دشمن کمیونسٹوں، صیہونیوں اور متعصب لبرل عناصر کے ذرائع ابلاغ و اطلاعات کے اندھا دھند پروپیگنڈے ـــ نے بین الاقوامی رائے عامہ کی آنکھوں پر جو گمراہ کن پردہ ڈال دیئے تھے وہ بھی اب ایک ایک کر کے اٹھنے لگے ہیں۔ اور ابھی گزشتہ روز بھارت کے بزرگ سیاست دان اور سابق نائب وزیراعظم مسٹر مرارجی ڈیسائی نے یہ انکشاف کیا ہے کہ مشرقی پاکستان میں مکتی باہنی کا اپنا کوئی وجود نہیں تھا بلکہ سب کے سب بھارت کے باقاعدہ چھاپہ مار فوجی تھے جو بنگالیوں کے بھیس میں اپریل سے دسمبر ۱۹۷۱ء تک پاکستانی فوج سے لڑ رہے تھے اور دنیا کو یہ تاثر دیا جا رہا تھا کہ مشرقی پاکستان کے بنگالیوں نے پاکستانی فوج کے خلاف ہتھیار اٹھا لیے ہیں۔ ۱۹۶۵ء میں بھارتی حکمرانوں نے مقبوضہ کشمیر میں آزادی کی تحریک کو کچلنے کی غرض سے پاکستان پر یہ الزام عائد کیا تھا کہ اس نے اپنے باقاعدہ فوجی چھاپہ مار تخریبی کارروائی کے لیے مقبوضہ کشمیر بھیجے ہیں۔ اس الزام میں حقیقت کا شائبہ تک نہیں تھا۔ پاکستان نے اس کے خلاف زبردست احتجاج کیا لیکن بھارتی حکومت نے دنیا کی نظروں میں دھول جھونکتے ہوئے ستمبر ۶۵ء میں پاکستان پر حملہ کر دیا مگر اسے منہ کی کھانا پڑی۔ پاکستان کو ختم کرنے کی روز اول سے سازشیں کرنے والے بھارتی حکمرانوں نے مشرقی پاکستان میں مغربی پاکستان کے خلاف نفرت اور علیحدگی پسندی کے رجحانات پھیلانے کا عمل تو آزادی کے ساتھ ہی شروع کر دیا تھا مگر ایوب خانی آمریت کے خلاف عوامی جدوجہد کے زمانے میں انہیں مشرقی پاکستان میں مداخلت کے وسیع مواقع میسر ہو گئے تھے۔ چنانچہ انہوں نے ۱۹۷۰ء میں مغربی بنگال کے لاکھوں ہندوؤں کو مشرقی پاکستان میں ووٹ بھی بنا لئے تھے اور شیخ مجیب کو آلۂ کار بنا کر اپنے باقاعدہ فوجی تخریبی کارروائیوں کے لئے مشرقی پاکستان بھیجنا شروع کر دیئے تھے۔ پاکستان نے اس کے خلاف زبردست احتجاج کیا اور گرفتار ہونے والے بھارتی فوجیوں کے اعتراف جرم کی داستانیں اور مشرقی پاکستان میں پکڑے جانے والے بھارتی اسلحہ کی تفاصیل تک شائع کر دیں۔ لیکن بھارتی پروپیگنڈا اس حقیقت کو بھی جھوٹ ثابت کرنے میں کامیاب ہو گیا مگر اب مرارجی ڈیسائی ایسے بزرگ سیاست دان دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کرتے ہوئے اندرا گاندھی کے جرائم کی داستانیں بیان کرنے لگے ہیں تو ان کا یہ انکشاف بھی بھارتی حکمرانوں کا اصل روپ دکھانے کا موجب بنا ہے۔ مسٹر مرارجی ڈیسائی نے اندرا گاندھی کی سازش کا پردہ چاک کرتے ہوئے بتایا ہے کہ انہوں نے بنگالیوں کے بھیس میں اپنے فوجیوں کو لڑانے کا جو تجربہ کیا تھا وہ قطعاً ناکام ثابت ہوا۔ مشرقی پاکستان میں جتنے بھارتی فوجی بھیجے گئے ان میں سے پانچ ہزار مارے گئے۔ اس پر اندرا گاندھی نے مشرقی پاکستان پر کھلم کھلا چڑھائی کر دی کیونکہ بھارتی فوج کے چیف آف سٹاف نے کہا تھا کہ یا تو سب فوجیے واپس بلا لئے جائیں یا پھر کھلا حملہ کیا جائے۔

بنگالی مسلمانوں کو بہت جلد یہ اندازہ ہو گیا کہ شیخ مجیب کے بھارتی حکمرانوں کا آلۂ کار بننے کی داستان کا علم ہو گیا تھا۔ چنانچہ انہوں نے کم و بیش دو سال پیشتر شیخ مجیب کے خلاف تحریک شروع کرنے کی کوشش کی تو شیخ مجیب نے اپنے جرائم اور گناہوں کی پردہ پوشی کے لیے طاقت استعمال کی۔ اور بنگلہ دیش کے آمر مطلق بن بیٹھے تھے۔ لیکن وہ مکافات عمل کے روز بروز تنگ ہونے والے فطری دائرے کی گرفت سے نہ بچ سکے۔ اور ان کا حشر وہی ہوا جو تاریخ میں غداروں اور ملت فروشوں کا ہوتا آیا ہے۔ اب ان کے ایک ساتھی لیکن شدید مخالف جناب مشتاق احمد کھنڈکر برسراقتدار آئے ہیں۔ مغربی پاکستان میں جو لوگ انہیں پاکستان ہائی کمشنل کی وساطت سے جانتے ہیں ان کا کہنا ہے کہ کھنڈکر صاحب پکے مسلمان ہیں وہ ایک عرصہ تک مسلم لیگ میں رہے اور نظریہ پاکستان کے حامیوں میں شمار ہوتے تھے انہیں پاکستان کی قربانی سے ضرور اختلافات تھے اور یہی اختلافات انہیں شیخ مجیب کی عوامی لیگ میں لے گئے تھے لیکن وہ پاکستان سے علیحدگی ہرگز نہیں چاہتے تھے مگر مشرقی پاکستان کے لاکھوں کروڑوں مسلمانوں کی طرح انہیں بھی بنگلہ دیش کے وجود سے دوچار ہونا پڑا۔ وہ شیخ مجیب کی حکومت میں تجارت اور امور خارجہ کے وزیر بھی رہے لیکن فرکا بیراج کے بارے میں مذاکرات کے دوران جب انہیں بھارتی حکمرانوں کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملا تو بھارتی استحصال کے خلاف ان کی دینی غیرت بیدار ہو گئی۔ وہ بھارتی حکومت اور شیخ مجیب دونوں کے خلاف ہو گئے۔ بھارتی حکمرانوں سے ان کی نفرت کا اندازہ اس حقیقت سے کیا جا سکتا ہے کہ بھارتی اخبارات ان کے بارے میں کھلم کھلا یہ لکھ رہے ہیں کہ بنگلہ دیش کی حکومت میں یہ کم نگاہ کہاں سے آ گیا ہے جو ہمارے باہمی تعلقات خراب کر رہا ہے۔ جناب مشتاق احمد کھنڈکر کی اسلام سے محبت کا اندازہ اس حقیقت سے بھی ہو جاتا ہے کہ انہوں نے بنگالی مسلمانوں کی خواہشات و جذبات کا احترام کرتے ہوئے پہلا کام یہ کیا ہے کہ بنگلہ دیش کی سیکولر حیثیت ختم کر دی ہے اور ملک کا نام اسلامی جمہوریہ بنگلہ دیش رکھ دیا ہے۔ یہ تبدیلی بنگالی مسلمانوں کی عالم اسلام بالخصوص پاکستان سے قربت کا آغاز کہا جا سکتا ہے۔

بنگلہ دیش میں یہ تبدیلی اس وقت رونما ہوئی ہے جب شریمتی اندرا گاندھی اپنی انتخابی دھاندلیوں کا راز فاش ہونے کے بعد اپنے دوسرے گناہوں کی پردہ پوشی کے لیے آمر مطلق بننے اور ہر مخالفت کو بے رحم طاقت سے کچلنے کے لیے ہاتھ پاؤں مار رہی ہیں۔ ہو سکتا ہے وہ اپنے پٹھو کے قتل کا بدلہ لینے اور بنگالی حالت سے متعلق بھارتی عوام کی توجہ داخلی مسائل سے ہٹانے کی غرض سے بنگلہ دیش پر حملہ کر دیں۔ بظاہر اس قسم کی کوشش حماقت ہی ہو گی۔ اور اس سے بین الاقوامی منظر پر بھارت کی گرتی ہوئی ساکھ کو مزید نقصان پہنچے گا۔ اندرون ملک بھی ان کی مخالفت شدید تر ہو جائے گی۔ لیکن جس قسم کے حالات سے اندرا گاندھی دوچار ہیں وہ اس قسم کی حماقت کا محرک بن سکتے ہیں۔

مشتاق احمد کھنڈکر اگر بھارتی حملہ کے خطرہ سے محفوظ رہتے ہیں تو پھر اس دیرینہ مسلم لیگی کے لیے اپنے سابق مرکز کی جانب رجوع ایک فطری عمل ہو گا۔ ویسے بھی بنگلہ دیش کے مسلمانوں میں احساس زیاں کے بعد پاکستان سے دوبارہ ملنے کا رجحان عام ہو رہا ہے۔ اور مشتاق احمد کھنڈکر پاکستان سے کسی نہ کسی صورت میں اتحاد کی واپسی تلاش کر کے اپنے عوام کی دلی امنگوں کی ترجمانی ہی کریں گے جہاں تک ہمارا تعلق ہے ہم اگرچہ بنگلہ دیش کو ایک آزاد و خودمختار ملک کی حیثیت میں بامر مجبوری تسلیم کر چکے ہیں۔ لیکن پاکستانیوں کے دلوں میں... اپنے بنگالی مسلمان بھائیوں کے لیے محبت کا بے پناہ جذبہ موجود ہے۔ پاکستان اور بنگلہ دیش کے مابین کوئی آبرو مندانہ مفاہمت کی راہ میں اب تک شیخ مجیب حائل رہے ہیں۔ وہ بھارتی حکمرانوں کی تال پر ناچتے ہوئے پاکستان سے مخالفت کا کوئی نہ کوئی بہانہ تلاش کر لیتے تھے۔ امید کرنی چاہئے کہ اب یہ اسلامی سینہ چاکان چمن سے سینہ چاک کا اہتمام ہونے میں کوئی رکاوٹ حائل نہیں ہو گی اور بہت جلد سابقہ نام مشرقی پاکستان (اسلامی جمہوریہ مشرقی پاکستان ہی سہی) بھی بحال کر دیا جائے گا۔

حدیث نبویؐ

جب تمہارے پاس کسی قوم کا شریف فرد آ جائے تو اس کی عزت کرو۔

جو کوئی نوجوان کسی بوڑھے کی اس کی عمر کی وجہ سے تعظیم کرے گا اللہ اس نوجوان کے لئے ایسا شخص مقرر فرمائے گا جو اس کی ضعیفی کے وقت اس کا احترام کرے گا۔

سب آدمی اپنے بھائی کا احترام کرتا ہے تو گویا اپنے رب کا احترام کرتا ہے۔

جس نے ہمارے بڑے کی تعظیم نہ کی اور چھوٹے پر رحم نہ کیا وہ ہم میں سے نہیں۔

درس بصیرت

عبدالرشید

رمضان المبارک کے روزے

قرآن پاک نے صرف چھ آیات میں روزوں کے متعلق سب کچھ بیان کر دیا ہے اور اس خوبصورتی اور فصاحت و بلاغت سے کہ دنیا کے کسی ادب میں اس کا جواب نہیں۔ اور جواب ہو بھی کیسے سکتا ہے۔ کہاں اللہ تعالیٰ کا کلام اور کہاں بندوں کی بات۔

پہلی آیت میں جہاں یہ فرمایا کہ "تم پر روزے فرض کیے گئے ہیں" وہاں ساتھ ہی اس کا مقصد بھی بیان فرما دیا ـــ "تاکہ تم میں تقویٰ پیدا ہو سکے"۔ اور آخر میں جہاں روزوں کے سارے احکامات ختم فرمائے، وہاں پھر اس بات کو دہرایا۔ "اس طرح اللہ اپنی آیات لوگوں کے لیے کھول کر بیان کرتا ہے، تاکہ ان میں تقویٰ پیدا ہو سکے۔ گویا تقویٰ روزوں کا مقصد ہے۔ رکوع کے درمیان میں یہ آیت لائے۔

"اور جب میرے بندے تجھ سے میرے متعلق پوچھیں، تو (ان سے کہہ دیجئے کہ) بالیقین میں قریب ہی ہوں۔ پکارنے والا جب مجھے پکارتا ہے، تو اس کی (پکار کا) جواب دیتا ہوں..." اس آیۂ مبارک میں اپنے قرب کی طرف اشارہ فرمایا جو روزوں کا ثمرہ ہے۔ ایک حدیث قدسی کے مطابق حق تعالیٰ فرماتے ہیں کہ روزہ دار اپنا کھانا پینا اور خواہشات میرے لیے ترک کرتا ہے۔ اس لیے روزے خاص میرے لیے ہیں اور میں ہی ان کی جزا دوں گا یا میں ہی ان کی جزا ہوں۔ گویا حق تعالیٰ کا قرب روزہ دار کی جزا ہے اور یہی روزوں کا ثمرہ ہے۔

رکوع کے آخر میں فرمایا "اور آپس میں ایک دوسرے کا مال ناجائز طریق سے نہ کھاؤ اور نہ اسے حاکموں کو (بطور رشوت) دو۔ تاکہ ان کے ذریعہ دوسروں کے مال کا کچھ حصہ گناہ کے طور پر جانتے بوجھتے کھا سکو"۔ گویا اس طرف اشارہ فرمایا کہ جیسے روزے کے دوران حلال کی کمائی میں سے کھانے پینے سے بچتے ہو اسی طرح عام زندگی میں حرام کمائی سے بچو۔ نہ خود کسی کا حق چھینو اور نہ افسروں کو رشوت دے کر ان کے ذریعہ دوسروں کا مال کھاؤ۔ یہ کسوٹی ہے جس پر ہر شخص اپنے روزوں کو پرکھ سکتا ہے۔ اگر اس نے عام روزمرہ زندگی میں حرام کھانا چھوڑ دیا ہے تو اس کے روزے روزے ہیں۔ ورنہ نہیں۔

رمضان المبارک کے روزوں کے ذریعہ کھانے پینے اور شہوت کی جسمانی خواہشات کو کچلنے کی کوشش نہیں کی گئی بلکہ انہیں ایک خوشگوار اور متوازن ضبط کے تحت لایا گیا ہے۔ ایک ماہ روزانہ صبح سے شام تک ان خواہشات پر ضبط رکھنے سے طبیعت کے اندر ایک عام ضبط پیدا ہو جاتا ہے۔ جو آہستہ آہستہ انسان کی تمام زندگی پر پھیل جاتا ہے۔

حضور اکرمؐ کا ارشاد گرامی ہے کہ رمضان المبارک کے دوران آسمانوں کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں (یعنی آسمانی برکات و فیوض کا بہت زیادہ نزول ہوتا ہے) اور بڑے بڑے شیاطین مقید کر دیئے جاتے ہیں۔

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

جلد نمبر ۲ ۔ شمارہ نمبر ۱۲

پندرہ روزہ **کریسنٹ** ٹورنٹو کینیڈا

یکم ستمبر ۱۹۷۵ء

بنگلہ دیش کو اسلامی جمہوریہ قرار دے دیا گیا

مجیب الرحمٰن کے اہلِ خاندان، دو بھتیجے بھی مارے گئے



اسلامی جمہوریہ بنگلہ دیش کے صدر کھنڈکر مشتاق احمد

کھنڈکر مشتاق احمد کا شمار بھارت کے مخالف گروپ میں ہوتا ہے

انہوں نے متحدہ پاکستان کے ڈھانچے کو برقرار رکھنے کی کوشش کی تھی

[illegible]

انقلاب ایک تاریخی ضرورت بن گئی تھی: میں نے ملک کے وسیع تر مفاد میں اقتدار سنبھالا ہے

بنگلہ دیش کی تینوں مسلح افواج، پولیس اور نیم فوجی تنظیموں کے سربراہوں نے نئی حکومت کیلئے وفاداری کا اعلان کر دیا

امن پسند ممالک میری نئی حکومت کو تسلیم کر لیں: مشتاق احمد

ملک کو شخصی آمریت سے نجات دلا دی گئی ہے: ڈھاکہ ریڈیو کا اعلان

[illegible]

تمام اسلامی ممالک اور تیسری دنیا کی قومیں بھی بنگلہ دیش کی نئی حکومت کو تسلیم کریں: وزیر اعظم بھٹو

بنگلہ دیش کے برادر عوام کے لیے پچاس ہزار ٹن چاول ایک کروڑ گز لٹھا اور پچاس لاکھ گز ململ تحفے کے طور پر بھیجنے کا فیصلہ

ہم ہر حال میں بنگلہ دیشی بھائیوں کے ساتھ ہیں

[illegible]



SEPTEM

THEME

MSA

The 1
of the Mu
tion of U
was held
(Aug. 29
Universit
Despite i
record ga
attended
was right
American

Musli
young an
over the
to give ex
lity of Isl
oneness o
remnants
off cours
assemble
destiny i
and confl
tion was
no destin
and no p
the fulfil
Islamizat
tion itsel
which the
fulfilled a

Repre
was also
conventio
from Tri
even Tai
tional are
like the M

The a
of broth
have bec
occasion
discussio
ment for
resulted i
MSA me
relatively
the Musli
security i
such orga
have been
provides
tional set
Muslims
but also
with whi
and mate
of the W

Discu
society b
ciples, P
out that
radical c
But the
objective
tion. The
change a
tual chan
in perso